# 11-06-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

اِ۔آرایس کے صدر و سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ آج حیدرآباد میں واقع بی آر کے بھون میں کالیشورم کمیشن برائے تحقیقات کے روبرو حاضر ہوئے۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وہ کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ سے متعلق تمام تر حقائق کو اندرون دو دن پیش کریں گے۔انہوں نے بی آرایس پارٹی کے صدر چندر شیکھر راؤ کے خاندان کو تلنگانہ کا اصلی دشمن قرار دیا ہے۔

۳۔اوبلاپورم غیر قانونی کانکنی کیس میں تلنگانہ ہائی کورٹ نے چار ملزمین کو ضمانت منظور کی ہے۔

اور

۴۔مملکتی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹکنالوجی ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ Axiom Mission-4 کو ملتوی کر دیا گیا ہے۔جس میں ہندوستانی خلانورد سبھانشو شکلا ءبھی سوار ہیں۔

KCR

بی آرایس کے صدر و سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ آج حیدرآباد میں واقع بی آر کے بھون میں کالیشورم کمیشن برائے تحقیقات کے روبرو حاضر ہوئے۔ یہ پوچھ تاچھ تقریباً 50 منٹ تک جاری رہی جبکہ کمیشن کے چیرمین پی سی گھوش نے کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ کی تفصیلات کے تعلق سے کے سی آر سے سوالات کئے۔ سیشن کے دوران کے سی آر نے اپنے بیانات کی حمایت میں مختلف دستاویز پیش کیں۔وہ کمیشن کی جانب سے پوچھ تاچھ کئے جانے والے 115 ویں شخص ہیں۔سابق وزیر ہریش راؤ بھی کے سی آر کے ہمراہ ان ہی کی گاڑی میں پہنچے۔اس سے پہلے کے سی آر، ضلع سدی پیٹ کے موضع ایرولی میں واقع فارم ہاؤس سے روانہ ہوئے اور بی کے آر بھون پہنچے۔کے سی آر کے ہمراہ پارٹی لیڈرس کا ایک گروپ تھا جن میں ایم ایل سی مدھوسدن چاری اور بعض ارکان اسمبلی، ایم پی روی چندر اور دیگر لیڈرس شامل ہیں۔اسی دوران بی آرایس پارٹی کے کارگزار کے ٹی راما راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔بی آر کے بھون میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے راما راؤ نے تلنگانہ میں بڑی تبدیلی لانے بالخصوص کالیشورم پراجکٹ کے سلسلہ میں کے سی آر کے رول کا مضبوطی کے ساتھ دفاع کیا۔کے ٹی آر نے سوال کیا کہ

تلنگانہ میں دھان کی فصل میں ایک کروڑ ایکر سے زائد اضافہ پر بھی کیا حکومت چندر شیکھر راؤ کو نوٹسیں جاری کریں گی جیسا کہ ریاست میں دھان کی فصل کے تعلق سے پنجاب اور ہریانہ کو پیچھے چھوڑ دیا تھا۔ کے ٹی آر نے کانگریس پر یہ الزام بھی عائد کیا کہ جھوٹے مقدمات اور بے بنیاد الزامات کا مقصد، اپنی چھ ضمانتوں کو پورا نہ کرنے پر عوامی توجہ بھٹکانا ہے۔

BAIL

تلنگانہ ہائی کورٹ نے اوبلا پورم غیر قانونی کانکنی کیس کے سلسلہ میں آج چار ملزمین کی ضمانت منظور کر لی ہے۔ اس طرح سی بی آئی کی عدالت کی جانب سے انہیں دی گئی سات سال کی سزائے قید کے سلسلہ میں جز وقتی راحت ملی ہے۔ ہائی کورٹ نے نامپلی سی بی آئی عدالت کی جانب سے 6 مئی کو مذکورہ ملزمین کو دی گئی سزا کو معطل کر دیا اور کرناٹک کے سابق وزیر گالی جناردھن ریڈی، ان کے پرسنل اسسٹنٹ میفا ذعلی خان، سرینواس ریڈی اور راج گوپال کی مشروط ضمانت منظور کر لی۔ ہائی کورٹ کے احکام کے مطابق ہر ملزم کو دس لاکھ روپے کے دو شخصی مچلکے داخل کرنے ہوں گے۔ اس کے علاوہ عدالت نے جناردھن ریڈی کو ہدایت دی کہ اپنا پاسپورٹ جمع کرا دیں جبکہ ان پر ملک چھوڑنے پر بھی پابندی عائد کر دی گئی۔ سی بی آئی عدالت نے اس سے پہلے چاروں ملزمین کو سات سال کی قید اور فی کس 20 ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی تھی۔

CM

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وہ کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ سے متعلق تمام تر حقائق کو اندرون دو دن پیش کریں گے جیسا کہ انہوں نے بی آر ایس پارٹی کے صدر چندر شیکھر راؤ کے خاندان کو تلنگانہ کا اصلی دشمن قرار دیا ہے۔ نئی دہلی میں آج میڈیا کے نمائندوں سے غیر رسمی بات چیت کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے ایم ایل سی کویتا کی جانب سے کئے گئے احتجاج کو فلمی طریقہ کا ڈراما قرار دیا جس کا مقصد عوام کی توجہ حاصل کرنا ہے۔ ریونت ریڈی گزشتہ تین دن سے دہلی میں ہیں۔ انہوں نے یہ واضح کیا ہے کہ کے سی آر فیملی کے کسی بھی رکن کو کانگریس پارٹی میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ انہوں نے کابینی قلمدانوں میں تبدیلی کو بھی مسترد کر دیا تاور کہا کہ وزارت دئے جانے کا فیصلہ انہوں نے تنہا نہیں کیا ہے۔

## WEATHER

تلنگانہ کے اضلاع جیۓ شنکر بھوپال پلی ،ملگو ، وقار آباد، محبوب نگر، ونپرتی اور جوگولامبا گدوال میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر شدید بارش ہوسکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے آج اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ یہی صورتحال کل اضلاع وقار آباد، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی ، نارائن پیٹ اور گدوال میں بھی رہے گی۔ریاست بھر میں جنوب مغربی مانسون سرگرم رہا ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کھمم میں بعض مقامات پر شدید سے انتہائی شدید بارش ہوئی جبکہ اضلاع کوتہ گوڑم اور کھمم میں کہیں کہیں شدید بارش درج کی گئی۔

## AXIOM MISSION

مملکتی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹکنالوجی ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ Axiom Mission-4 کو ملتوی کر دیا گیا ہے۔جس میں ہندوستانی خلانورد سبھانشو شکلا بھی سوار ہے۔ یہ مشن انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن سے روانہ کیا جانے والا تھا۔ڈاکٹر سنگھ نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ فالکون نو بوسٹر کے سات سکنڈ کے ہاٹ ٹسٹ کے دوران لکوٹ آکسیجن کے اخراج کا پتہ چلا۔انہوں نے بتایا کہ اسرو، ایکسیم اور اسپیس ایکس کی ٹیموں کی جانب سے مشترکہ طور پر جائزہ لینے کے بعد مذکورہ مسئلہ کو حل کرنے اور روانگی کی تاریخ طئے کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

## RBI - VRR

ریزرو بینک آف انڈیا نے آج سے شروع ہونے والے روزانہ کے ریٹ ریپو کو روک دیا ہے۔ یہ فیصلہ بینکنگ نظام میں کم سرپلس کے پیش نظر کیا گیا ہے۔جیسا کہ اس وقت یہ تخمیناً 2.75 تا تین لاکھ کروڑ روپے ہے۔

## TGANB

تلنگانہ کو نشیلی دواؤں سے پاک بنانے کے لئے ایک بڑا اقدم اٹھاتے ہوئے ریاستی محکمہ انسدادِ منشیات (ٹی جی اے این بی) نے سرکاری طور پر آپریشن سنکلپ شروع کیا ہے۔ یہ آپریشن، مووئی آرٹسٹ اسوسی ایشن، تلنگانہ اکیڈیمی فار اسکل اینڈ نالج اور سیول فورس ٹرسٹ کے مشترکہ تعاون سے شروع کیا گیا ہے۔ یہ پروگرام سرکردہ عہدیداروں اور شخصیتوں کی موجودگی میں شروع کیا گیا۔ٹی جی اے این بی کے ڈائرکٹر سندیپ شنڈ ھالیہ اس اقدام کی قیادت کررہے ہیں۔اس موقع پر مووی آرٹسٹ اسوسی ایشن کے نائب صدر ڈاکٹر مڈالا روی اور معذورین کے محکمہ کی ڈائرکٹر شیلجا بھی موجود تھیں۔ اس پروگرام کے ذریعہ ریاست بھر میں مختلف بیداری پروگرام، ٹریننگ پروگرام اور دیگر اقدامات کئے جائیں گے۔

SOCIAL SECURITY

وزیراعظم نریندر مودی نے آج اس بات پر دوبارہ زور دیا ہے کہ ان کی حکومت بھلائی سے متعلق ترقیاتی پروگراموں کو نافذ کرنے کے لئے وقف ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ عوامی اسکیمات، شہریوں تک بڑی تعداد میں پہنچ سکے۔ بین الاقوامی مزدور تنظیم کے تازہ اعداد وشمار کے مطابق ملک کا سماجی تحفظ 2015ء میں 19 فیصد سے بڑھ کر 2025ء میں 64.3 فیصد ہوگیا ہے۔ مرکزی وزیر محنت منکوش مانڈویا کے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ کے تعلق سے مودی نے ان اقدامات کی سائش کی ہے۔

CM - PRAISE

ضلع ورنگل میں ونگارا پولیس اسٹیشن کے عملہ کی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے ستائش کی گئی ہے جو سائیکلوں پر پٹرولنگ کررہے ہیں اور دیہی افراد کو تعلیم کی اہمیت سے واقف کرارہے ہیں۔ انہوں نے ایک ٹوئٹ میں کہا کہ مختلف واقعات سے جرائم میں اضافہ ہوتا ہے تاہم اس سلسلہ میں حقائق کو سمجھنے میں مسائل کو حل کرنے کے لئے اقدامات کرنے چاہئے۔ ونگارا پولیس کی جانب سے یہ پروگرام منعقد کیا گیا تھا تاکہ سائبر کرائمس کے تعلق سے شعور بیداری کے علاوہ تعلیم کی اہمیت اور سماج میں پائے جانے والے غیر سماجی عناصر کے تعلق سے بھی واقفیت فراہم کی جائے۔

TATKAL

ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ صرف وہ صارفین آئندہ ماہ کی پہلی تاریخ سے آئی آر سی ٹی سی ویب سائٹ اور ایپ کے ذریعہ آن لائن تتکال ٹکٹس بک کرسکتے ہیں۔ جن کے اکاؤنٹ آدھار سے مربوط ہوں گے۔ یہ فیصلہ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہا گیا ہے کہ تتکال ٹکٹوں کے معاملہ میں شفافیت لائی جائے اور مسافرین کے مفادات کا تحفظ ہو۔ ہندوستانی ریلویز نے تتکال بکنگ سسٹم میں اہم تبدیلیاں لائے جانے کا امکان ہے۔ نئی اسکیم کے تحت آدھار سے متعلق او ٹی پی، آن لائن تتکال بکنگ کے لئے ضروری رہے گا۔ اس فیصلہ پر 15 جولائی سے عمل کیا جائے گا۔ سنٹر برائے ریلویز انفارمیشن سسٹمس اور آئی آر سی ٹی سی کو تمام ضروری سسٹم تبدیلیوں کو یقینی بنایا جائے اور اس تعلق سے زونل ریلویز اور متعلقہ محکموں کو بھی واقف کرایا جائے۔

ACB

اینٹی کرپشن بیورو کی جانب سے نن سریدھر نامی ایک ایگزیکیٹو انجینئر کے معاملہ کے تحت حیدرآباد کے 12 مقامات پر تلاشی کی کارروائی شروع کی گئی ہے۔ کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ میں مبینہ بے قاعدگیوں کے تحت مذکورہ عہدیدار کے خلاف غیر محسوب اثاثہ جات کا ایک کیس درج کیا گیا ہے۔ انٹلیجنس کی اطلاعات پر حرکت میں آتے ہوئے اے سی بی کے عہداروں نے سریدھر اور ان کے افرادِ خاندان کی رہائش گاہوں کی تلاشی شروع کی ہے۔ سریدھر کو حیدرآباد لایا گیا ہے۔

☆☆☆